قیمت: مجلد مع گرد پوش۔ سات روپے (صفحات ۴۷۹)

آج کی دنیا کی بین الاقوامی سیاست کے دام اقوام گیر کی مرکزی گرہ مجلس اقوام متحدہ ہے اور معاملات کی ساری ڈوریوں کے سرے اسی گرہ پر آکے جُڑتے ہیں۔ پس آج یہ ناگزیر ہے کہ دنیا کے حالات کا صحیح فہم حاصل کرنے کے لئے اقوام متحدہ کے ادارے کی نوعیت، اس کے نظم، اس کے دستور، اس کے بنیادی اصولوں اور اس کے طریق کار کو سمجھا جائے۔ علاوہ بریں چونکہ اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور مضامین میں اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیموں، اس کے منشورات اور سمجھوتوں کا برابر ذکر آتا رہتا ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ اخبار بین طبقے کو معلوم ہو کہ میثاق مجلسِ اقوام، منشور اٹلانٹک، اعلانِ ماسکو، اعلانِ طہران، اعلانِ پوٹسڈم وغیرہ کیا ہیں، اور اسی طرح بین الاقوامی تنظیم پناہ گزینان، بین الاقوامی تعمیری بنک، بین الاقوامی تنظیم صحت وغیرہ ادارت کی حقیقت کیا ہے۔ اس قسم کی معلومات کے لئے یورپ کی ہر زبان میں نو بہ نو کتابیں شائع ہوتی رہتی ہیں اور مدیرانِ جرائد، مصنفین، اربابِ سیاست اور عام تعلیم یافتہ لوگ ان سے برابر استفادہ کرتے ہیں۔ لیکن اردو زبان میں معلوماتی اور خصوصاً کتبِ حوالہ (BOOK OF REFERENCES) وغیرہ فراہم کرنے کا اہتمام نہیں ہے۔ خود اقوام متحدہ کے متعلق بھی کوئی جامع کتاب اب تک نہ تھی۔ لیکن پیشِ نظر اس موضوع پر شامی جامع ہے۔ اقوام متحدہ کے تمام اداروں، تمام منشورات و اعلانات وغیرہ کی تفصیلات پیش کردی گئی ہیں۔

جہاں تک ترجمہ کا تعلق ہے، قانونی دستاویزات کا ترجمہ کرنا اپنے اندر جو مشکلات رکھتا ہے، افسوس ہے کہ مترجم اُن سے پوری طرح عہدہ برآ نہیں ہوسکے، اس وجہ سے ترجمہ نہایت عامیانہ ہے۔ یعنی یہ بات صاف جھلکتی ہے کہ قانونی زبان اور اصطلاحات کا کوئی ماہر ترجمہ نہیں کر رہا۔

ہماری رائے میں کتاب کی قیمت ضرورت سے زیادہ ہے۔

اسلام اور اشتراکیت

مؤلفہ: پیرزادہ ابوالضیاء محمد بہاء الحق صاحب قاسمی امرتسری۔
شائع کردہ: ادارہ قاسمیہ، وزیر آباد۔